

## Barb نیشنل ٹی وی ویوئنگ پینل میں شامل ہو جائیں

# ٹی وی کا مستقبل تشکیل دینے میں مدد کریں

**www.shapingtv.co.uk**

براہ کرم 020 3602 0717 سے ہماری کال کا جواب دینا نہ بھولیں

Barb What People Watch · Ipsos · RSMB · KANTAR



**اسکاٹ جیک ویز**
**(Scott Jakeways)**

ٹی وی آڈیئنسز ڈائریکٹر
Ipsos

**Barb نیشنل ٹی وی ویوئنگ پینل میں شمولیت میں دلچسپی رکھنے کے لیے آپ کا شکریہ۔**

**ٹی وی دیکھنے کے اپنے انداز کی پیمائش کی اجازت دے کر پینل کے اراکین ٹیلیویژن کی صنعت میں براہ راست اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔**

**آپ کے گھر کو خاص طور پر منتخب کیا گیا ہے اور آپ کی شمولیت کو ٹیلیویژن کی پوری صنعت انتہائی اہمیت دیتی ہے۔آپ کے گھر کی طرح کے خوشی سے آمادہ گھروں کی مدد کے بنا ہمیں کبھی معلوم نہیں ہو سکے گا کہ کون کیا دیکھتا ہے۔**

**اس کتابچے کے ذریعہ، ہمارا مقصد ہمارے حصول کے طریقہ کار کے بارے میں آپ کے کسی قسم کے سوالات کے جوابات دینا ہیں جو ٹی وی سیٹ، ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فون پر ٹی وی دیکھنے سے متعلق ہے۔**



## ٹی وی کے ناظرین کو شمار کیوں کیا جاتا ہے؟

نیشنل ٹی وی ویوئنگ پینل کے ذریعے گھروں پر ٹی وی دیکھنے کے بارے میں جمع شدہ معلومات کی مدد سے واضح طور پر پتہ چلتا ہے کہ کون لوگ کونسا پروگرام اور کب دیکھتے ہیں۔

اس معلومات کو نشریاتی ادارے اپنے ناظرین کو سمجھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ پینل میں شمولیت اختیار کر کے آپ ٹی وی کے مستقبل پر اثر انداز ہوں گے۔

## کون حصہ لے گا؟

ہر کوئی پینل کا حصہ نہیں بن سکتا ہے؛ صرف 5,300 گھر حصہ لے رہے ہیں۔

حصہ لینے والے گھروں  کو ایک بے قاعدہ انداز میں منتخب کیا جاتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ پینل میں یوکے کے تمام گھرانوں کی حقیقی نمائندگی موجود ہو۔

## میرا گھر کیوں؟

تمام آبادی کی ایک متناسب نمائندگی درکار ہوتی ہے جس میں تمام عمروں اور پس منظروں سے تعلق رکھنے والے لوگ موجود ہوں، بشمول وہ لوگ جو بہت کم ٹی وی دیکھتے ہیں یا دیکھتے ہی نہیں اور وہ بھی جن کے پاس ٹی وی سیٹ موجود ہی نہیں ہیں۔



آپ سے گزارش ہے کہ آپ بھی حصہ لیں تاکہ ہم آپ جیسے لوگوں کی ٹی وی دیکھنے کی عادات کے بارے میں جان سکیں۔

## یہ کام کیسے کرتا ہے؟

آپ کے گھر کے ہر شخص کی ٹی وی سیٹ، ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فونز پر ٹی وی دیکھنے کی عادات کو شمار کیا جاتا ہے۔

### ایسا کرنے کے لیے:

- گھر کے ہر شخص کو رضامند ہونا ہو گا
- ہم ہر ٹی وی سیٹ کے قریب ٹیبلٹ کی طرز کی ایک چھوٹی سی ڈیوائس رکھتے ہیں جو ہمیں دیکھے جانے والے پروگراموں کی شناخت کرنے کے قابل بناتی ہے اور یہ کہ گھر کا کون سا شخص کسی پروگرام کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔
- ایک اور چھوٹی سی ڈیوائس براہ راست آپ کے براڈ بینڈ راؤٹر سے جوڑ دی جاتی ہے تاکہ ہمارے لیے آپ کے نیٹ ورک پر ٹیبلٹ، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فونز کے ذریعے دیکھے جانے والے پروگراموں کی معلومات اکٹھی کی جا سکیں۔





## رازداری

Barb کی جانب سے مختار بنائے گئے تحقیقی ادارے (اپسوس، کینتار اور (RSMB) آپ کی شناخت کو کسی بھی فریقِ ثالث پر ظاہر نہیں کریں گے اور آپ کی تمام تفصیلات کو انتہائی رازداری میں رکھا جائے گا۔

آپ کی ذاتی تفصیلات اور آپ کے گھرانے کے لوگوں کے بارے میں معلومات، صرف Barb کی طرف سے منظور کردہ تحقیقی کمپنیوں کے پاس موجود ہوں گی اور انہیں صرف اس مطالعہ کے سلسلے میں ہی استعمال کیا جائے گا۔

## مختصر معلومات...

### ٹی وی

- ٹی وی میٹر، جو گھر کے ہر ٹی وی کے ساتھ جڑا ہو گا
- یہ میٹر آواز کے فنگر پرنٹس کو اکٹھا کرتا ہے
- اس آواز کا موازنہ معلوم شدہ ٹی وی مواد کے تمام ذخیرہ کے ساتھ کیا جاتا ہے
- گھر کے افراد ایک خصوصی ریموٹ پر موجود ایک بٹن کو دبا کر یا اپنا اوتار منتخب کر کے اپنی موجودگی کا اندراج کریں گے

### ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فونز

- فوکل میٹر گھر کے براڈ بینڈ راؤٹر سے مربوط ہوتا ہے
- فوکل میٹر مخصوص انٹرٹینمنٹ ٹی وی سروسز سے معلومات اکٹھی کرتا ہے
- پینل کے اراکین ٹی وی دیکھنے کی عادات اور ڈیوائسز کی ملکیت کے حوالے سے معلومات فراہم کرتے ہیں

## ٹی وی کے لیے: ٹی وی میٹر

جب ٹی وی لگایا جاتا ہے، تو دیکھے جانے والے چینلوں کے بارے میں ٹی وی میٹر معلومات کو ریکارڈ کر لیتا ہے۔ یہ ٹی وی کو کسی بھی طریقے سے متاثر نہیں کرتا اور آپ کے پہلے سے موجود آلات کے کسی بھی قسم کے استعمال کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ ٹی وی میٹر پروگرام کی آواز سے شناخت کر لیتا ہے کہ کون سا پروگرام دیکھا جا رہا ہے۔






## ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فونز کے لیے: فوکل میٹر

فوکل میٹر صرف مخصوص ٹی وی سروسز سے معلومات اکٹھی کرتا ہے اور یہ نہیں دیکھ سکتا کہ آپ یا آپ کے گھرانے کے دیگر اراکین کسی دوسری ویب سائیٹ یا ایپ پر کیا کر رہے ہیں۔ ہم فوری پیغامات، ای میلز یا دیگر کسی بھی قسم کے ذاتی نوعیت کے ابلاغ کو بالکل نہیں پڑھ سکتے۔

فوکل میٹر کی جانب سے شمار کی جانے والی سروسز کی فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے:
**www.virtualmeter.co.uk/focalmeter**

پرنٹنگ کے وقت تک وہ یہ ہیں: Acorn TV, Apple TV+, Britbox, Chili, Dailymotion, DAZN, Disney+, Hayu, Highbrow, Hopster, Netflix, Pluto TV Non- Linear URL, POP Player, Prime Video, Rakuten TV, Samsung TV Plus, TikTok, TVPlayer, Twitch, Vevo, Virgin Media Non-Linear, W4FREE, YouTube (اور Google Video), YuppTV.


فوکل میٹر کا آپ کے براڈ بینڈ یا ڈیوائسز کے کام کرنے پر کوئی قابل ذکر اثر نہیں ہو گا۔



## اگر آپ کے پاس براڈ بینڈ راؤٹر نہ ہو: ورچوئل میٹر

ایسے گھروں میں، جہاں براڈ بینڈ راؤٹر موجود نہ ہو، وہاں پر فوکل میٹر کی جگہ گھر کے ہر ٹیبلٹ، کمپیوٹر اور اسمارٹ فون پر ایک ’ایپ‘ ڈالی جائے گی، جسے ورچوئل میٹر کہا جاتا ہے۔ اس ایپ کو صرف وہی مخصوص معلومات جمع کرنے کے لیے بنایا گیا ہے، جو فوکل میٹر کرتا ہے اور یہ ان چیزوں کو نہیں دیکھ سکتی، جو آپ یا آپ کے گھرانے کے دیگر اراکین کسی دوسری ویب سائٹ یا ایپ پر کر رہے ہیں۔

یہ ایپ آپ کی کسی بھی ڈیوائس کے کام کرنے کے طریقے پر اثرانداز نہیں ہو گی۔



## مجھے حقیقت میں کیا کرنا ہو گا؟

ہم یہ جاننا چاہیں گے کہ ٹی وی سیٹ چلنے کے دوران کمرے میں کون موجود ہے۔

ہر ٹی وی میٹر کے ساتھ آپ کو ایک مخصوص ریموٹ کنٹرول فراہم کیا جائے گا جس پر گھر کے ہر فرد کے لیے ایک علیحدٰہ بٹن مختص کر دیا جائے گا۔ آپ اپنا اوتار منتخب کرتے ہوئے بھی میٹر کی ٹچ اسکرین سے لاگ ان کر سکتے ہیں۔



ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ آپ اپنا بٹن دبائیں یا اپنا اوتار منتخب کریں، جب:

- آپ کمرے میں موجود ہوں اور ٹی وی لگایا جائے
- آپ کمرے میں داخل ہوں اور ٹی وی لگا ہوا ہو
- آپ کمرے سے جائیں اور ٹی وی لگا ہوا ہو

گھر میں آنے والے مہمانوں کو رجسٹر کرنے کے لیے ریموٹ پر علیحدٰہ بٹن موجود ہوتے ہیں۔



ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فونز پر ایک بار جب انسٹالیشن کا عمل مکمل ہو جاتا ہے، تو اس کے بعد آپ کو کچھ بھی نہیں کرنا پڑتا۔ فوکل میٹر ہر کام خودکار طریقے سے کرتا ہے۔

ہمارے پاس پینل منیجرز کی ایک ٹیم موجود ہے جو آپ کے سوالات کے جوابات دے گی۔ آپ سے یہ پوچھنے کے لیے آپ کو کوئی مسئلہ تو نہیں ہے یا ان کو ڈیٹا میں کوئی غیر متوقع چیز نظر آتی ہے، تو پہلے چند مہینوں کے دوران وہ لوگ آپ کو فون بھی کر سکتے ہیں۔


## آپ کا دیکھنے کا ڈیٹا ہمارے پاس کیسے پہنچتا ہے؟

ہر ٹی وی میٹر ہمیں آپ کا دن بھر دیکھنے کا ڈیٹا بھیجتا ہے، عام طور پر آپ کے وائی فائی نیٹ ورک کا استعمال کرتے ہوئے، یا انٹیگریٹڈ سم کارڈز کا استعمال کرتے ہوئے۔

آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی اور نہ ہی ہمیں ڈیٹا بھیجنے پر آپ کا کوئی خرچ آئے گا۔

اگر وائی فائی یا موبائل نیٹ ورک موجود نہ ہو، تو ڈیٹا بھیجنے کے لیے آپ کے لینڈ لائن نمبر سے ایک فری فون نمبر استعمال ہو گا۔ مگر یاد رکھیں، اس پر بھی آپ کا کوئی خرچ نہیں آئے گا۔





## انسٹالیشن کا عمل:

یہ پینل Barb کی جانب سے کینتار (Kantar) چلائے گا۔ کینتار کا ایک ٹیکنیشن آپ کے لیے باسہولت وقت پر آپ کے گھر آئے گا اور آلات کی تنصیب کر دے گا۔

## ٹیکنیشن درج ذیل کام کرے گا:




- ہر ٹی وی سیٹ کے ساتھ ایک ٹی وی میٹر لگائے گا
- ہر ٹی وی میٹر کے لیے ایک ریموٹ کنٹرول سیٹ اپ کرے گا
- ایک فوکل میٹر کو آپ کے براڈ بینڈ راؤٹر کے ساتھ مربوط کرے گا
- جانچ کرے گا کہ آلات ٹھیک کام کر رہے ہوں
- آپ کو دکھائے گا کہ آپ نے اپنا دیکھنے کا عمل کیسے رجسٹر کرنا ہے
- انسٹال کردہ آلات کے بارے میں آپ کو درپیش سوالات کے جوابات دے گا



ہونے والی کوئی بھی چیز آپ کے ٹی وی سیٹس، ٹیبلٹس، کمپیوٹرز یا اسمارٹ فونز کے کام کرنے پر کوئی اثر نہیں ڈالے گی۔

## اس پر کتنا وقت لگے گا؟

ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اس پورے عمل کے لیے چند گھنٹے مختص کریں؛ تاہم، یہ آپ کے گھر میں موجود ٹی وی سیٹ، ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فونز کی قسم اور تعداد پر منحصر ہو گا اور اگر آپ کے لیے زیادہ آسان ہو، تو اس کام کو آپ ایک سے زیادہ وزٹس میں ایڈجسٹ اور تقسیم کر سکتے ہیں۔

انسٹالیشن کے لیے درکار حقیقی وقت کا اسی وقت ہی پتہ چل سکتا ہے، جب کینتار اپنا ٹیکنیشن بھیجنے کے لیے آپ کے ساتھ اپوائنٹمنٹ طے کرے گا۔





## براڈ بینڈ راؤٹر کے بغیر گھر:

ایسے گھروں میں، جہاں براڈ بینڈ راؤٹر موجود نہ ہو، ایک فوکل میٹر کی بجائے گھر کے ہر ٹیبلٹ، کمپیوٹر اور اسمارٹ فون پر ایک ایپ انسٹال کی جائے گی۔ اگر انسٹالیشن کے دن پر ڈیوائس دستیاب نہ ہو، تو ہم آپ سے ہیلپ ڈیسک پر کال کرنے کا کہیں گے یا غیر موجود ڈیوائس کو ورچوئل میٹر ایپ کی انسٹالیشن کے لیے ایک اور اپوائنٹمنٹ مقرر کرنے کا کہیں گے۔ اگر غیر موجود ڈیوائس، اسمارٹ فون یا ٹیبلٹ ہو تو یہ فون پر کی جا سکتی ہے۔ تاہم، اگر یہ ڈیسک ٹاپ یا لیپ ٹاپ ہے، تو انسٹالیشن کے عمل کے لیے ہمیں ایک اور ٹیکنیشن کا وزٹ بک کرنا ہوا گا۔



## اس کے بعد کیا ہو گا؟

اگلے چند دن میں، درج ذیل کی تصدیق کے لیے، ہم آپ کو کال کریں گے:

- ہمارے پاس ایسا نمبر موجود ہے جس پر آپ سے رابطہ ہو سکتا ہے
- ہمارے پاس موجود آپ کی تفصیلات درست ہیں
- گھر کے تمام افراد کے لیے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کیا ہو گا اور وہ سب اس پر متفق بھی ہونے چاہئیں

ایک بار ہمیں تصدیق ہو جانے پر، ہم آپ کے گھر کی انسٹالیشن کر سکتے ہیں، لہٰذا براہ کرم ہماری جانب سے اس نمبر پر ایک کال کے منتظر رہیں:

**020 3602 0717**

اس نمبر کو آپ اپنے فون میں محفوظ بھی کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ یہ کال ہماری جانب سے ہے۔

اس کے بعد کینتار میڈیا ٹیکنیشن سے ملاقات کرنے کے لیے ایک اپوائنٹمٹ طے کرے گی اور انعامی اسکیم بھی متعین کی جائے گی۔

اس دوران، اگر پینل کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو براہ مہربانی Ipsos کی ٹیم کے ساتھ دفتری اوقات کار کے دوران اس فری فون نمبر **080 8129 6827** پر رابطہ کرنے سے ہر گز نہ ہچکچائیں۔

متبادل طور پر آپ ٹیم کو اس پتہ پر ای میل بھی کر سکتے ہیں: **shapingtv@ipsos.com**

آپ Barb ویوئنگ پینل کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائیٹ **www.shapingtv.co.uk** پر بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔



## اکثر پوچھے گئے سوالات

**”مجھے کتنے عرصے تک پینل میں رہنا پڑے گا؟“**

یہ آپ پر منحصر ہے۔ آپ جب پینل میں شمولیت اختیار کرتے ہیں، تو اس حوالے سے ایسا کوئی وعدہ نہیں ہوتا کہ آپ کو کتنا عرصہ پینل پر رہنا ہو گا۔ عام طور پر ہماری توقع ہوتی ہے کہ لوگ کم از کم چند ماہ تک ہمارے ساتھ تعاون کریں مگر بہت سے لوگ کئی سالوں تک بھی جاری رکھتے ہیں۔

**”میرے دیکھنے کے ڈیٹا کے ساتھ کیا ہو گا؟“**

یہ معلومات اس بات کو سمجھنے میں استعمال کی جائے گی کہ لوگ ٹی وی اور انٹرٹینمنٹ سروسز کو کیسے دیکھ رہے ہیں۔ دیکھنے کا ڈیٹا رات کے دوران پورے ملک میں موجود تمام گھروں سے اکٹھا موصول کیا جاتا ہے۔ اگلی صبح 9:30 پر روزانہ کی بنیاد پر دیکھنے کا یہ ڈیٹا Barb کی جانب سے شائع کیا جاتا ہے تا کہ نشریاتی اور تشہیری اداروں کو پچھلے دن کے پروگراموں کے ناظرین کے اعداد و شمار مل جائیں۔

**”میں اپنے ٹیبلٹ/کمپیوٹر/اسمارٹ فون پر ٹی وی نہیں دیکھتا/دیکھتی۔ کیا مجھے پھر بھی نگرانی کی ضرورت ہو گی؟“**

ہاں، ہمیں اس بات سے قطع نظر تمام ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور اسمارٹ فونز کی نگرانی کرنے کی ضرورت ہو گی کہ آیا انہیں موجودہ طور پر ٹیلیویژن دیکھنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے یا نہیں یا انہیں صرف کام کرنے کے مقاصد سے ہی استعمال کیا جاتا ہے۔

اس سے یہ تصدیق کرنے میں مدد ملتی ہے کہ کچھ بھی نہیں دیکھا گیا یا یہ کہ لوگ کب کچھ دیکھنا شروع کرتے ہیں۔

**”کیا اس پر میرا کوئی خرچ آئے گا؟“**

ٹی وی میٹرز اور فوکل میٹر کے لیے بجلی کی مسلسل فراہمی درکار ہوتی ہے اور انعامی ادائیگی کے کچھ حصے اس تھوڑی سی استعمال ہونے والی بجلی کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔

ہر ٹی وی میٹر 0.15kWh سے کم بجلی استعمال کرتا ہے، جو روزانہ تقریباً 4p کے برابر بنتا ہے۔ فوکل میٹر تقریبًا 0.04kWh بجلی استعمال کرتا ہے، جو روزانہ تقریباً 1p بنتا ہے۔

**”کیا مجھے اپنے راؤٹر اور فوکل میٹر کو پوری رات لگا ہوا چھوڑنا ہو گا؟“**

ایک مرتبہ انسٹال ہونے کے بعد ہم آپ سے درخواست کریں گے کہ آپ اپنے فوکل میٹر کو بند نہ کریں۔

یہ بات قابل ترجیح ہو گی، اگر آپ اپنے راؤٹر کو بھی لگا ہوا رہنے دیں، کیونکہ یہ فوکل میٹر کو ہمیں واپس ڈیٹا بھیجنے کے قابل بناتا ہے۔

**”جب میں آن لائن بینکنگ استعمال کرتا ہوں یا کسی محفوظ ویب سائیٹ میں لاگ اِن کرتا ہوں، تو کیا آپ میرا یوزرنیم، پاسورڈ یا بیلنس دیکھ سکیں گے؟“**

نہیں، فوکل میٹر اور ورچوئل میٹر ایپ کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ صرف مخصوص تعداد میں سروسز سے ٹریفک کو شمار کیا جاتا ہے۔

**میرے ٹی وی سیٹ کے ساتھ لگائی جانے والی ڈیوائس کتنی بڑی ہو گی؟**

یہ ایک ″7 کی ٹیبلٹ ہوتی ہے، جس کا سائز 188 x 110 x 21mm ہوتا ہے۔

**”کیا فوکل میٹر سے میرے براڈ بینڈ کی رفتار پر اثر پڑے گا؟“**

راؤٹر اور فوکل میٹر کے درمیان ڈیٹا منتقل ہوتا ہے، مگر اپ لوڈ کرنے کی رفتار پر کسی قسم کا اثر برائے نام ہے۔ ڈاؤن لوڈ کرنے کی رفتار پر اثر نہیں ہوتا، کیونکہ آنے والی ٹریفک میں کسی قسم کا دخل نہیں ہوتا۔

**”کیا آپ میرے ڈیٹا کو تشہیری یا مارکیٹنگ کمپنیوں کو بیچیں گے، تاکہ وہ مجھے پریشان کُن ای میلز بھیجیں اور ناگوار فون کالیں کر سکیں؟“**

نہیں، ہم آپ کو ضمانت دیتے ہیں کہ Barb پینل میں شمولیت کی وجہ سے آپ کو Barb پینل سے براہ راست تعلق نہ رکھنے والی کوئی کالیں، ای میلز یا ڈاک موصول نہیں ہو گی۔ ہم دیکھنے کا جو تمام ڈیٹا شائع کریں گے، وہ مکمل طور پر گمنام ہو گا۔

**”مجھے خدشہ ہے کہ آپ میری ای میلز پر نظر رکھیں گے اور میری رابطہ فہرست تک پہنچ جائیں گے اور میرے رابطوں کو جنک یا تشہیری ای میلز بھیجیں گے۔“**

نہیں، ہم آپ کے ٹیبلٹ، کمپیوٹر یا اسمارٹ فون پر ذخیرہ کردہ یا دیکھی جانے والی ای میل، دستاویزات یا رابطوں کی فہرستیں نہیں دیکھ سکتے۔ ہم فوری پیغامات، ای میلز یا دیگر کسی بھی قسم کے ذاتی نوعیت کے ابلاغ کو بالکل نہیں پڑھ سکتے۔

## اپسوس ( Ipsos ) کے بارے میں

اپسوس ( Ipsos ) ایک خودمختار تحقیقی کمپنی ہے، جو Barb کی جانب سے کام کر رہی ہے۔اپسوس Barb کی جانب سے نیشنل ٹی وی ویوئنگ سروے کو منتظم کرتی ہے اور ٹی وی پینل میں شامل ہونے کے لیے اہل گھرانوں کی شناخت کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے **www.ipsos.com** ملاحظہ کریں

## کینتار کے متعلق

کینتار ایک تحقیقی کمپنی ہے، جسے Barb کی جانب سے ٹی وی ویوئنگ پینل کو چلانے کا کہا گیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے **www.kantar.com** ملاحظہ کریں

## RSMB کے بارے میں

RSMB اس پوری تحقیق میں Barb کی جانب سے طریقہ کار، شماریاتی ڈیزائن اور کوالٹی کنٹرول کی ذمہ دار ہے۔

مزید معلومات کے لیے **www.rsmb.co.uk** ملاحظہ کریں

## Barb کے بارے میں

Barb، براڈکاسٹرز آڈیئنس ریسرچ بورڈ، ٹی وی انڈسٹری کو ناظرین کے اعداد و شمار، جو بنیادی طور پر ٹیلیویژن پروگرامز، چینلز اور اشتہارات کے لیے ہوتے ہیں، فراہم کرتی ہے۔ یہ آن لائن فراہم کیے جانے والے ٹی وی پروگراموں اور ویڈیو کے بارے میں بھی ڈیٹا جمع کرتی ہے۔



Barb مشترکہ طور پر BBC, ITV, Channel 4, Channel 5, Sky, UKTV اور IPA کی ملکیت ہے۔

Barb دیگر کئی نشریاتی اداروں کو بھی ناظرین کے اعداد و شمار فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے **www.Barb.co.uk** ملاحظہ کریں

## خلاصہ کے طور پر

ہم چاہتے ہیں کہ آپ کا گھرانہ Barb پینل میں شامل ہو کر اور ہمیں پروگرام دیکھنے کے اپنے انداز کی پیمائش کرنے کی اجازت دے کر ٹی وی کا مستقبل بنانے میں ہماری مدد کرے۔ گھر کے تمام ٹی وی سیٹس، ٹیبلٹس، کمپیوٹرز اور کرتی فونز پر ٹی وی دیکھنے کی تمام عادات کو ہر ٹی وی سیٹ کے ساتھ ایک ٹی وی میٹر منسلک کر کے اور آپ کے گھر کے براڈ بینڈ راؤٹر کے ساتھ ایک فوکل میٹر نصب کر کے شمار کیا جاتا ہے۔

گھرانے کے تمام افراد کو ایک مخصوص ریموٹ کے ساتھ ٹی وی دیکھنے کی اپنی عادات کو شمار کروا کر حصہ لینے کی ضرورت ہے۔ دیگر ڈیوائسز پر دیکھنے کی عادات کو خود کار طریقے سے شمار کیا جاتا ہے اور ایک مرتبہ رجسٹر ہو جانے کے بعد گھرانے کے افراد کو مزید کسی عمل کی ضرورت نہیں ہوتی۔

شکریہ کے طور پر، گھرانے اور افراد پینل پر موجود رہتے ہوئے پوائنٹس حاصل کرتے ہیں، جنہیں کئی ہائی اسٹریٹ واؤچرز اور اشیاء کے ساتھ تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

## اگلے مرحلے نہ بھولیں:

1. ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے آپ کو کال کریں گے کہ ہمارے پاس موجود تمام تفصیلات درست ہیں اور یہ کہ آپ جاری رکھنے پر خوش ہیں، کال درج ذیل نمبر سے آئے گی:

**020 3602 0717**

اگر ہم اگلے 7 دنوں میں آپ سے رابطہ نہ کر سکیں، تو بلا جھجھک ہم سے اسی نمبر پر رابطہ کریں۔

2. اس کے بعد کینتار ٹی وی میٹرنگ آلے کو نصب کرنے کی غرض سے ترجیحی وقت طے کرنے کے لیے آپ کے ساتھ رابطہ کرے گی۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو آپ ہمارے ہلیپ لائن نمبر 0808 129 6827 پر کال کرسکتے ہیں (برطانیہ کے لینڈزلائن اور موبائل سے آنے والی سبھی کالیں مفت ہیں)۔

ہماری ویب سائیٹ پر زیادہ تفصیلی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں:

**www.shapingtv.co.uk**

Barb What People Watch | Ipsos | RSMB | KANTAR